© rasailojaraid.com



جرس کاروان

# پاکستان شریعت کونسل کی مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس ۶ اپریل کو گوجرانوالہ میں ہوگا

## امیر مرکزیہ مولانا فداء الرحمٰن درخواستی پاکستان واپس پہنچ گئے

پاکستان شریعت کونسل کے امیر مولانا فداء الرحمٰن درخواستی لینیڈا میں تین ماہ کے قیام کے بعد کراچی واپس پہنچ گئے ہیں اور انہوں نے پاکستان شریعت کونسل کی مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس ۶ اپریل بروز منگل طلب کر لیا ہے جو صبح دس بجے جامعہ قاسمیہ انور ٹاؤن (نزد کھیالی چوک) بائی پاس روڈ گوجرانوالہ میں ہوگا اور اس میں ملک بھر سے سرکردہ علماء کرام اور جماعتی راہنما شریک ہوں گے۔ پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی نے مرکزی شوریٰ کے ارکان سے کہا ہے کہ دعوت نامہ جاری کر دیا گیا ہے۔ تاہم اگر کسی دوست کو دعوت نامہ نہ ملے تو وہ اس اعلان کو دعوت نامہ تصور کرتے ہوئے بروقت اجلاس میں شرکت فرمائیں۔ انہوں نے بتایا کہ جامعہ قاسمیہ لاہور سے راولپنڈی جاتے ہوئے گوجرانوالہ بائی پاس روڈ پر کھیالی چوک سے کچھ آگے مین روڈ پر واقع ہے اور وہاں کا فون نمبر ۲۹۲۷۱۵ (۰۴۳۱) ہے۔

## دینی جماعتیں مجلس عمل کے پروگراموں میں تعاون کریں

——— مولانا سید عطاء المومن بخاری

مجلس عمل علماء اسلام پاکستان کے مرکزی رابطہ سیکرٹری مولانا سید عطاء المومن شاہ بخاری نے مدرسہ حسینیہ سلانوالی ضلع سرگودھا میں فکر علماء حق کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجلس عمل کے نام سے علماء حق کا متحدہ پلیٹ فارم دین حق کی سربلندی اور عالمی کفر کے مقابلہ کے لیے قائم کیا گیا ہے۔ اس لیے تمام دینی جماعتوں کو مجلس عمل کے پروگراموں میں تعاون کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی استعمار اور امریکی سامراج نے اسلام اور دینی قوتوں کے خلاف جو عزائم اختیار کر رکھے ہیں ان کا مقابلہ دینی قوتیں متحد ہو کر ہی کر سکتی ہیں۔ مرکزی رابطہ کمیٹی کے رکن مولانا زاہد الراشدی نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں اسلام کے نفاذ کے لیے قرآن و سنت کو دستوری طور پر سپریم لاء تسلیم کرنا ضروری ہے لیکن ابھی تک ہمارے دستور میں قرآن و سنت کی بالادستی کو قبول نہیں کیا گیا۔ انہوں نے حکومت اور اپوزیشن سے اپیل کی کہ وہ سینٹ میں قرآن و سنت کی غیر مشروط بالادستی کا دستوری بل جلد از جلد منظور کریں۔ مرکزی رابطہ کمیٹی کے رکن مولانا عبد الرؤف فاروقی نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح ہمارے اکابر نے آزادی کے لیے جنگ لڑی تھی ہمیں اسی طرح اپنی آزادی کے تحفظ کے لیے جنگ لڑنا ہوگی۔ کانفرنس سے مولانا محمد اکرم عابد، مولانا قاری محمد اکرم مدنی، رانا عبدال...

مقررین نے بھی خطاب کیا۔

## نور پورہ میں جامعہ عثمانیہ کا سنگ بنیاد

پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی نے گزشتہ روز قلعہ دیدار سنگھ کے قریب نور پورہ میں دینی درسگاہ جامعہ عثمانیہ کا سنگ بنیاد رکھا اور اس موقع پر ایک تقریب سے خطاب کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دینی مدارس اسلام کی دعوت و تبلیغ اور تعلیم و تربیت کے مراکز ہیں۔ تقریب میں علاقہ کے سرکردہ حضرات نے شرکت کی اور اس سے ممتاز عالم دین مولانا محمد اسماعیل محمدی، قاری شبیر احمد عثمانی اور دیگر علماء نے بھی خطاب کیا۔

## پاکستان ہیومن رائٹس فاؤنڈیشن کا اجلاس

انسانی حقوق کے اسلامی تصور کو اجاگر کرنے اور انسانی حقوق کے نام سے کام کرنے والی لابیوں کی سرگرمیوں کو واچ کرنے کے لیے گزشتہ دنوں پاکستان ہیومن رائٹس فاؤنڈیشن کا قیام عمل میں لایا گیا تھا۔ اس کا پہلا اجلاس ۱۱ اپریل اتوار کو صبح دس بجے فاؤنڈیشن کے چیئرمین چودھری ظفر اقبال ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کے دفتر ۷۔ ٹمپل روڈ لاہور میں منعقد ہو رہا ہے جس میں فاؤنڈیشن کے دستور اور پروگرام کی منظوری دی جائے گی۔ فاؤنڈیشن کے سیکرٹری جنرل پروفیسر شجاعت علی مجاہد نے اس عنوان سے دلچسپی رکھنے والے علماء اور احباب سے کہا ہے کہ وہ ان سے المجاہد ہاؤس ایبٹ آباد روڈ سیالکوٹ کے ایڈریس پر رابطہ کریں۔

## خود کشی کی وارداتیں نظام کی ناکامی کی دلیل ہیں

پاکستان شریعت کونسل پنجاب کے سیکرٹری جنرل مولانا قاری جمیل الرحمٰن اختر نے ملک بھر میں خود کشی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور ایک بیان میں کہا ہے کہ معاشی حالات سے تنگ آکر خود کشی کرنے والوں کا یہ انتہائی اقدام مروجہ سسٹم کی ناکامی کا کھلم کھلا اعلان ہے اور اس کی ذمہ داری ان طبقات پر عائد ہوتی ہے جو محض اپنے مفادات کو بچانے کے لیے اس نظام ظلم و کفر کے محافظ بنے ہوئے ہیں۔ انہوں نے علماء کرام سے اپیل کی ہے کہ وہ عوام کو مروجہ نظام کی خرابیوں سے آگاہ کریں اور انہیں اسلامی نظام کی برکات سے روشناس کراتے ہوئے اس کے نفاذ کی جدوجہد کے لیے تیاری کریں۔

© rasailojaraid.com